# ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ، ساہیوال

نمبر 5888- اے ایس آر

مورخہ: 18-02-2023

## نوٹیفکیشن

تمام متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ انٹرمیڈیٹ میں پریکٹیکل والے ایڈیشنل مضمون / مضامین کا امتحان دینے والے اُمیدواران درج ذیل ہدایات کے مطابق امتحان دے سکتے ہیں:

1- انٹرمیڈیٹ کے پریکٹیکل والے ایڈیشنل مضمون / مضامین کا امتحان دینے کے لیے اُمیدواران کو پارٹ فرسٹ اور پارٹ سیکنڈ دونوں کا پیپر دینا ہوگا۔

2- انٹرمیڈیٹ فرسٹ سالانہ امتحان 2023ء میں پریکٹیکل والے ایڈیشنل مضمون / مضامین کا امتحان دینے کے لیے الحاق شدہ ادارہ جات تصدیق شدہ مینول رجسٹریشن ریٹرن بمعہ رجسٹریشن فیس مبلغ -/1940 روپے کا اصل بنک چالان اور مکمل کوائف / دستاویزات جاری شدہ امتحانی داخلہ شیڈول کے مطابق ارسال کریں گے۔

3- سال 24-2023ء میں پریکٹیکل والے ایڈیشنل مضمون / مضامین کا امتحان دینے کے لیے رجسٹریشن کا باقاعدہ شیڈول ہر سال آن لائن انرولمنٹ شیڈول برائے گیارہویں جماعت میں شامل ہوگا۔

4- وہ اُمیدواران جنہوں نے انٹرمیڈیٹ کا امتحان کم از کم ایک سال قبل پاس کیا ہو اور ہائر ایجوکیشن میں داخلہ نہ لیا ہو وہ پریکٹیکل والے ایڈیشنل مضمون / مضامین کا امتحان دینے کے اہل ہیں نیز ہائر ایجوکیشن میں داخلہ نہ لینے کے بارے میں اُمیدواران درجہ اوّل مجسٹریٹ سے تصدیق شدہ اصل بیانِ حلفی فراہم کریں گے۔

5- وہ اُمیدواران جنہوں نے انٹرمیڈیٹ کا امتحان پاس کرنے کے بعد NOC لے لیا ہو وہ ایڈیشنل مضمون / مضامین کا امتحان دینے کے اہل نہ ہوں گے۔

(ڈاکٹر رابعہ اختر)

سیکرٹری